South West London
Health & Care Partnership

آپ کی کیئر کو مربوط کرنا

پرائیویسی نوٹس - براہ راست کیئر

سادہ انگریزی میں وضاحت

پرائیویسی نوٹس یہ وضاحت کرتا ہے کہ آپ کے بارے میں ہیلتھ اور کیئر مہیا کنندگان معلومات کیوں جمع کرتے ہیں اور یہ کیسے استعمال کی جاتی ہے۔ ہمارے 'آپ کی کیئر کو مربوط کرنا' پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی 'آپ کی کیئر کو مربوط کرنا' کے بارے میں کتابچہ بھی ملاحظہ کریں یا جائیں:
www.swlondon.nhs.uk/connectingyourcare پر۔
ہیلتھ اور کیئر کے ساتھ منسلک پیشہ ور ماہرین جو آپ کی دیکھ بھال اور علاج کرتے ہیں وہ آپ کے ماضی میں کیے گئے علاج اور دیکھ بھال یا موجودہ علاج اور دیکھ بھال سے متعلق تفصیلات کا ریکارڈ مرتب کرتے ہیں۔ اِن ریکارڈز کی مدد سے آپ کی بہترین دیکھ بھال کرنے میں مدد ملتی ہے۔
ممکن ہے کہ این ایچ ایس کے مریضوں کے ریکارڈ الیکٹرانک ہوں، کاغذی ہوں یا دونوں امتزاج ہوں اور کام کرنے کی روایات اور ٹیکنالوجی کا امتزاج یہ یقینی بناتا ہے کہ آپ کے بارے میں معلومات محفوظ اور پوشیدہ رہیں ۔ ہیلتھ اور کیئر مہیا کرنے والے جو ریکارڈ آپ کے بارے میں رکھتے ہیں اُن میں مندرجہ ذیل معلومات شامل ہوسکتی ہے:

- آپ کے کوائف، جیسے۔ پتہ، رابطہ تفصیلات اور ورثاء
- ہیلتھ یا کیئر مہیاکنندگان کا آپ کے ساتھ کسی قسم کا رابطہ، جیسے، ملاقاتیں، کلینک پر آنا، ہنگامی ملاقاتیں وغیرہ
- آپ کی ہیلتھ اور کیئر کے بارے میں نوٹس/رپورٹس اور تشخیص
- آپ کے مجوزہ علاج اور کیئر کے بارے میں تفصیلات
- تحقیقات کے نتائج جیسے خون کے نمونے، ایکس رے وغیرہ
- دیگر ہیلتھ اور سوشل کیئر کے ماہرین، رشتے داروں یا جو لوگ آپ کی دیکھ بھال کرتے ہیں کی جانب سے دی گئی متعلقہ معلومات
- اگر آپ کی سوشل کیئر اسسمنٹ کی گئی تھی تو اسسمنٹ کی نوعیت اور اگلی مجوزہ نظرثانی کی تاریخ۔

آپ کی جانب سے دی گئیں معلومات آپ کی دیکھ بھال کرنے والے ہیلتھ اور سوشل کیئر کے ماہرین اِس بات کو یقینی بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں کہ اُن کے لیے تازہ ترین معلومات دستیاب ہو تاکہ وہ جلدی سے آپ کو اسس کرسکیں اور آپ کی کیئر کے بارے میں بہترین فیصلے کر سکیں یا پلان بنا سکیں۔ فی الاوقت دیکھ بھال کرنے والے ہر ادارے کے پاس آپ کا ریکارڈ منظم کرنے کا الگ طریقہ کار ہے اور اِس طرح سے منظم کردہ ریکارڈ کے تحت اکٹھی کی گئی معلومات کے تحت کوئی ایسا راستہ نہیں ہے کہ یہ ریکارڈ "اصلی وقت" یعنی فوری طور پر شیئر کیے جاسکیں۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ جب کسی ہیلتھ یا سوشل کیئر ماہر کو آپ کے بارے میں مزید جاننا درکار ہوتا ہے تو اُنہیں یہ معلومات پرانے طریقے سے حاصل کرنا پڑتی ہیں جیسے ٹیلی فون، فیکس یا آپ کے ریکارڈ کی کاغذی نقول حاصل کرنے کے لیے درخواست کرکے، جو سب کے سب وقت طلب ہیں، ریکارڈ ضائع

<table>
<tr><td colspan="2">ہونے کا احتمال ہوتا ہے یا مہیا کی گئی معلومات میں سقم رہ جاتے ہیں۔

'آپ کی کیئر کو مربوط کرنا' ایک نیا نظام متعارف کروائے گا جو کہ اِن سب متفرق نظاموں میں 'مربوط' الیکٹرانک ویو مہیا کرے گا تاکہ آپ کی دیکھ بھال کرنے والے افراد اِن تمام سروسز کے بارے میں اہم معلومات دیکھ سکیں جو آپ استعمال کرتے ہیں جس سے اُن کو آپ کی بہترین کیئر کے بارے میں فیصلے کرنے میں مدد ملے گی۔

قانون متقاضی ہے کہ ہم آپ کو مندرجہ ذیل 9 ذیلی سیکشنوں کے بارے میں معلومات مہیا کریں۔ ہم نے ذیل میں تعریفوں کی ایک فہرست بھی مہیا کی ہے۔</td></tr>
<tr><td>1) کنٹرولر کے رابطہ کوائف</td><td></td></tr>
<tr><td>2) ڈیٹا پروٹیکشن افسر کے رابطہ کوائف</td><td></td></tr>
<tr><td>3) کارروائی کا مقصد</td><td>معلومات کا تبادلہ "براہ راست کیئر" کے حصول میں مدد دینے کے لیے کیا جائے گا، جو کہ کسی فرد کو ملتی ہے – جیسے، جہاں پر کوئی ہیلتھ کیئر مہیا کرنے والا ادارہ کسی مریض یا سروس کے صارف کے ساتھ اُنہیں فوری کیئر یا علاج مہیا کرنے کے لیے اُن کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہو۔
2013 کے کالڈیکوٹ ریویو میں مریضوں کی براہ راست کیئر کی تعریف اِن الفاظ میں کی گئی ہے کوئی طبی، سماجی یا عوامی صحت کے سلسلے میں سرگرمی جس کا تعلق بیماری سے بچاؤ، تحقیق اور علاج اور کسی فرد کی مشکلات دور کرنے سے ہو۔ اِس میں فردِ واحد کی زندگی اور معاشرے میں شمولیت کی قابلیت کو سپورٹ دینا شامل ہے۔ اِس میں محفوظ اور اعلیٰ معیار کی کیئر اور مقامی آڈٹ کے ذیعے علاج، ناپسندیدہ یا برے واقعات کا بندوبست، ذاتی اطمئنان بشمول نتائج کی پیمائش جو کہ ایک یا زائد رجسٹرڈ اور ریگولیٹڈ ہیلتھ یا سوشل کیئر پروفیشنل نے اور اُن کی ٹیم نے کیے ہوں جن کے ساتھ اپنی کیئر کے سلسلے میں فرد واحد کا قانونی طور پر جائز تعلق رہا ہو۔</td></tr>
<tr><td>4) پراسسنگ کے لیے قانونی بنیاد</td><td>براہ راست دیکھ بھال بہم پہنچانے کے لیے اور اِس ادارے میں مہیا کنندہ کے انتظامی مقاصد کے لیے اور کہیں بھی براہ راست دیکھ بھال بہم پہنچانے کے لیے ذاتی ڈیٹا کی پراسسنگ کی تائید ذیل میں دیئے گئے آرٹیکل 6 اور 9 کی شرائط میں بیان کی گئی ہے: ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ مجریہ 2018/جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن 2016:
آرٹیکل 6(1)(e) '.... مفادِ عامہ میں کیے گئے کسی کام کو کرنے کے لیے یا سرکاری فرائض کی بجا آوری میں....'۔
آرٹیکل 9(2)(h) 'تدارکی یا پیشہ ورانہ طب برائے جائزہ صلاحیت کارگزاری برائے اجیر کے مقاصد، طبی تشخیص، صحت یا سماجی دیکھ بھال مہیا کرنے یا علاج کرنے کے لیے صحت یا سوشل کیئر کے نظاموں اور سروسز کے انتظام کے لیے ضروری......"</td></tr>
</table>

	ہیلتھ اور سوشل کیئر سروسز براہ راست کیئر کے مقاصد کے لیے معلومات شیئر کرنے کی پابند ہیں۔ ہم یو کے کیس لاء کے تحت طے شدہ آپ کے حقوق کو بھی تسلیم کریں گے جنہیں مجموعی طور پر "کامن لاء ڈیوٹی آف کانفیڈنشیلٹی"* کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے
5) **ڈیٹا کے ذرائع** اور پراسس شدہ ڈیٹا کا **موصول کنندہ یا موصول کنندگان کی کیٹیگریزیز**	پروگرام کے پہلے مرحلے میں ہم آپ کے جی پی سسٹم کو مقامی ہسپتال کے ساتھ منسلک کریں گے تا کہ آپ کا جی پی آپ کا ہسپتال کا ریکارڈ دیکھ سکے اور ہسپتال والے آپ کا جی پی کے پاس موجود ریکارڈ دیکھ سکیں، کچھ علاقوں میں جہاں دیگر سروسز اِن معلومات سے زیادہ کا تبادلہ پہلے ہی کر رہی ہیں، تو پھر اِن سروسز کو پہلے مرحلے میں شامل کرلیا جائے گا۔ جب دیگر ادارے شمولیت اختیار کریں گے یا نظام میں اہم تبدیلیاں کی جائیں گی تو آپ کو اور عوام کو خبر کردی جائے گی یا آپ اپ ڈیٹ کے لیے ہماری ویب سائٹ www.swlondon.nhs.uk/connectingyourcare. پر جاسکتے ہیں: <u>پہلے مرحلے والے ادارے ہیں</u> • ایس ڈبلیو ایل جی پی پریکٹسز (کرائیڈِن، مرٹُن، کنگسٹن، رچمنڈ، سٹن اور وانڈزورتھ بروز میں موجود جی پیز) • کرائیڈِن ہیلتھ سروسز این ایچ ایس ٹرسٹ • سینٹ جارجز ہیلتھ کیئر این ایچ ایس ٹرسٹ • کنگسٹن ہسپتال این ایچ ایس فاؤنڈیشن ٹرسٹ • ساؤتھ ویسٹ لندن اور سینٹ جارجز مینٹل ہیلتھ ٹرسٹ • یور ہیلتھ کیئر کمیونٹی انٹرسٹ کمپنی • رائل برو آف کنگسٹن ایڈلٹ سوشل کیئر • اپسوم اور سینٹ ہیلیئر یونورسٹی ہسپتال جہاں پر معلومات کا تبادلہ کرنے والے پروگرام پہلے ہی سے موجود ہیں جیسے سٹن ایڈلٹ سوشل کیئر تو بجُز فیز 1 اِن اداروں کو جلد شامل کیا جاسکتا ہے۔ اِس پہلے مرحلے کے بعد ہم دیگر اداروں کو بتدریج شامل کرنے کے لیے فیز 2 میں داخل ہوں گے تاکہ لندن میں آپ جہاں بھی جائیں آپ کے ہیلتھ کیئر ریکارڈ دستیاب ہوں۔
6) **ترکِ شرکت یعنی آپٹ آؤٹ کرنے کا حق**	آپ کو الیکٹرانک تبادلۂ معلومات میں کسی بھی وقت ترکِ شرکت کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ ترکِ شرکت اختیار کرنے کا فیصلہ کریں تو پھر اِس سسٹم کے ذریعے آپ کے بارے میں کسی معلومات کا تبادلہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر آپ ترجیح دیں کہ آپ کی معلومات کا تبادلہ نہ کیا جائے تو آپ کو ترکِ شرکت یعنی آپٹ آؤٹ فارم دینا ہوگا۔ یہ آپ کی جی پی پریکٹس، آپ کے مقامی ہسپتال کے پیشنٹ ایڈوائس اور لائزن آفس میں دستیاب ہیں اور سے www.swlondon.nhs.uk/connectingyourcare. بھی ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں: کنکٹڈ کیئر ریکارڈ ویو میں ترکِ شرکت کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کی دیکھ بھال کرنے والے لوگوں کے درمیان آپ کی معلومات کا

	تبادلہ نہیں کیا جائے گا، اِس کا صرف یہ مطلب ہے کہ یہ اُسی طریقے سے شیئر کی جاتی رہیں گی جیسے کہ یہ ابھی کی جاتی ہیں – بذریعہ فون، فیکس اور خط چنانچہ، آپ کی کیئر اب سے قطعاً مختلف نہ ہو گی – آپ صرف فوائد سے فیض یاب نہ ہو سکیں گے جو آپ کو آپ کی معلومات جلد اور "حقیقی وقت" میں شیئر کرکے ملیں گے – بالخصوص ہنگامی حالات میں۔ آپ کو اپنی دیکھ بھال کرنے والے ہر بیلتھ اور کیئر پروفیشنل کو اپنی میڈیکل ہسٹری، اپنے علاج، الرجیز اور ادویات کے بارے میں ہر ملاقات یا ہر بار ہسپتال جانے پر بتانا پڑے گا۔ آپ کی کیئر کے بارے میں فیصلے کرنے میں تاخیر ہوسکتی ہے اور اپائنٹمنٹس اور ٹیسٹس دوبارہ کرنا پڑ سکتا ہے۔ اگر آپ کے بارے میں رکھی گئی معلومات یا اِس کے استعمال کے بارے میں آپ کو کوئی خدشات لاحق ہیں یا آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی جائیں: www.swlondon.nhs.uk/connectingyourcare پر contact us at: or ای میل: connectingyourcare@swlondon.nhs.uk. فون: TBC
7) **حقِ اعتراض**	آپ کو آرٹیکل 21 جی ڈی پی آر کے تحت پراسس کردہ کچھ یا تمام تر معلومات کے سلسلے میں حقِ اعتراض حاصل ہے۔ براہ مہربانی پرائیوسی نوٹس کا سیکشن 6 ملاحظہ کریں یا متبادلاً مزید معلومات کے لیے اپنے کیئر مہیا کنندہ میں موجود ڈیٹا پروٹیکشن افسر سے رابطہ کریں۔ یاد رہے کہ یہ محض اعتراض اُٹھانے کا حق ہے جس پر غور کیا جائے گا؛ یہ ایسا نہیں ہے جیسا کہ ہر حال میں اپنی خواہشات پوری ہونے کا حق ہوتا ہے۔
8) **حقِ رسائی اور درستگی**	آپ کو اپنے بارے میں تبادلہ کردہ ڈیٹا دیکھنے کا حق حاصل ہے۔ اِسے 'دی رائٹ آف سبجیکٹ ایکسس' کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ آپ کسی مہیا کنندہ سے معلومات کے لیے درخواست کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کا صحت یا کیئر مہیا کنندہ آپ کے بارے میں معلومات اپنے پاس رکھے ہوئے ہے اور آپ سبجیکٹ ایکسس کے لیے درخواست کرتے ہیں تو وہ آپ کو: • اِس کا وضاحت کریں گے • بتائیں گے کہ یہ کیوں رکھی گئی ہیں • بتائیں گے کہ اِس کا تبادلہ کس کے ساتھ کیا جائے گا • سمجھ آنے والی شکل میں معلومات کی نقل دیں گے۔ اگر آپ 'سبجیکٹ ایکسس درخواست' کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو تحریراً اپنے ہیلتھ یا کیئر مہیا کنندہ کے ڈیٹا پروٹیکشن افسر سے رابطہ کرنا ہوگا۔ درست میڈیکل ریکارڈ کو حذف کروانے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے ماسوائے اِس کے کہ عدالت نے حکم دیا ہو۔
8) **زیرِ استعمال رکھنے کا عرصہ**	ڈیٹا قانون اور ملکی رہنمائی کے تحت رکھا جائے گا۔ https://digital.nhs.uk/article/1202/Records-Management-Code-of-Practice-for-Health-and-Social-Care-2016.
9) **حق شکایت**	اگر آپ کو لگے کہ ڈیٹا غیر مناسب طریقے سے شیئر کیا گیا

ہے تو آپ کو اپنے ڈیٹا کے استعمال اور تبادلہ کے سلسلے میں شکایت کرنے کا حق حاصل ہے۔ ہر مہیا کنندہ کے ہاں شکایت کرنے کا اپنا طریقۂ کار موجود ہے اور آپ کو اُن سے براہ راست رابطہ کرنا ہوگا۔ آپ مندرجہ ذیل لنک کے ذریعے انفارمیشن کمشنر کے دفتر سے رابطہ کرسکتے ہیں /https://ico.org.uk/global/contact-us یا اُن کی ہیلپ لائن فون پر کال کرسکتے ہیں: 0303 123 1113 (مقامی ریٹ) یا 01625 545 745 (قومی ریٹ)۔	

*"کامن لاء ڈیوٹی آف کانفیڈینشیلٹی" کامن لاء پارلیمنٹ کے کسی ایکٹ کی طرح کسی ایک دستاویز میں نہیں لکھا جاتا ہے۔ یہ قانون کی ایس قسم ہے جس کی بنیاد ججوں کی جانب سے پچھلے عدالتی مقدموں پر دیئے گئے فیصلوں پر ہوتی ہے؛ چنانچہ، اِسے 'جج ساختہ' یا 'کیس لاء' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ قانون کا اطلاق پچھلے مقدموں کا حوالہ دے کر کیا جاتا ہے، چنانچہ کامن لاء کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اِس کی بنیاد نظیر پر ہوتی ہے۔
عمومی موقف یہ ہے کہ اگر معلومات اُن حالات کے تحت دی جاتی ہے جہاں ہر فرضِ رازداری کا اطلاق ہوتا ہے تو عام طور پر وہ معلومات معلومات مہیا کنندہ کی رضامندی یا عدمِ رضامندی کی صورت میں کسی جائز مقصد کے بغیر ظاہر نہیں کی جا سکتی۔